آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

نیوز ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053

موبائل: 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 20 | بروز ہفتہ 28 فروری 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زر سالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 11

آپریشن غضب للحق میں 274 خوارج ہلاک 400 زخمی ہو چکے ہیں، ترجمان پاک فوج

آپریشن میں 274 خوارج ہلاک 400 زخمی ہو چکے ہیں، 73 پوسٹیں تباہ 18 پر قبضہ کرلیا گیا، 115 ٹینک اور بکتر بند گاڑیاں بھی تباہ کیں، دہشتگردوں کو چن چن کر مارا گیا، دشمن کے خلاف لڑتے ہوئے پاک فوج کے 12 جوان شہید ہوئے

پاکستان کے عوام مسلح افواج سے اپنی محبت کا اظہار کررہے ہیں، سبی، ایبٹ آباد اور نوشہرہ میں ڈرون حملوں کو ناکام بنادیا گیا، پاکستان کے مفادات کا تحفظ ہر قیمت پر کیا جائے گا۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈی جی آئی ایس پی لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا ہے کہ غضب للحق میں 274 خوارج ہلاک 400 زخمی ہو چکے ہیں۔ پاک افغان کشیدگی کے حوالے سے اہم پریس کانفرنس کرتے ہوئے لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کا کہنا تھا کہ تھوڑی دیر قبل وزیراعظم کو آپریشن غضب للحق پر تفصیلی بریفنگ دی گئی، پاکستان نے کالعدم ٹی ٹی پی کے خلاف

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سیکرٹری آئی ٹی اینڈ ٹیلی کام کی فائر وال ہٹانے کی تردید

اسلام آباد (سی ایم لنکس) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں سوشل میڈیا کو کنٹرول کرنے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کمشنر بہاولپور نے رمضان نگہبان بازار اور ڈسٹرکٹ کوارٹر ہسپتال کا موقع پر تفصیلی دورہ کیا

دورے کے دوران انہوں نے بازار میں صفائی، انتظامات اور قیمتوں کی نگرانی کا جائزہ لیا

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن مسرت جبیں نے رمضان نگہبان بازار اور ڈسٹرکٹ

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم جی ایچ کیو کا دورہ، پاک افغان کشیدگی کی موجودہ صورتحال پر بریفنگ

شہباز شریف نے جنرل ہیڈکوارٹرز) جی ایچ کیو (کا دورہ کیا اور فیلڈ مارشل، چیف آف ڈیفنس فورسز جنرل عاصم منیر سمیت عسکری قیادت سے ملاقات کی

ملاقات کے دوران شہباز شریف کو عسکری قیادت کی جانب سے پاکستان اور افغانستان کی موجودہ سرحدی صورتحال پر مفصل بریفنگ دی گئی

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے جنرل ہیڈکوارٹرز) جی ایچ کیو (کا دورہ کیا اور فیلڈ مارشل، چیف آف ڈیفنس فورسز جنرل عاصم منیر سمیت عسکری قیادت سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران شہباز شریف کو عسکری

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کمشنر بہاولپور نے شہر کے زیر تعمیر میڈیکل کالج کا موقع پر تفصیلی دورہ کیا

کمشنر نے کام کے معیار، وقت پر تکمیل اور تعمیراتی ٹیم کی کارکردگی کا معائنہ کیا

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن مسرت جبیں نے شہر کے زیر تعمیر میڈیکل کالج کا موقع پر تفصیلی دورہ کیا اور وہاں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر ذوالفقار احمد بھون نے کمشنر کو بریفنگ دیتے

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

افغانستان نے آپریشن غضب للحق میں منہ توڑ جواب دیا جائیگا، وزیراعظم

سالمیت کو للکارا صدر

آج پاکستان کی باوقار قوم اور ہماری دلیر مسلح افواج وطن کی سالمیت اور سرحدوں کے تحفظ کیلئے سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہیں۔ صدر آصف علی زرداری

پاکستان کی عوام اور مسلح افواج ملک کی سلامتی، خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں، وزیراعظم محمد شہباز شریف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ امن، استحکام اور علاقائی سالمیت پر ریاستِ پاکستان کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گی، افغانستان نے پاکستان کی سالمیت کو للکارا ہے، ڈٹ

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پنجاب بھر میں میٹرک اور نہم کے امتحانات کی ڈیٹ شیٹ جاری

اعلامیے کے مطابق میٹرک کے امتحانات کا آغاز 27 مارچ سے ہوگا، پہلا پرچہ عربی، کمرشل جغرافیہ اور تاریخ کا لیا جائیگا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب کے تمام تعلیمی بورڈز نے میٹرک اور نہم جماعت کے سالانہ امتحانات کی ڈیٹ شیٹ جاری کردی۔ اعلامیے کے مطابق میٹرک کے امتحانات کا آغاز 27 مارچ سے ہوگا، پہلا پرچہ عربی، کمرشل جغرافیہ اور تاریخ

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

گاڑی کو اوورٹیک کرتے ہوئے موٹر سائیکل سوار حادثہ میں جاں بحق

دائم والا کا رہائشی محمد اسحاق احمد پور شرقیہ سے بہاول پور جارہا تھا کہ راستے میں حادثہ کا شکار ہوگیا

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) گاڑی کو اوورٹیک کرتے ہوئے حادثہ میں ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ تفصیل کے مطابق نواحی علاقہ دائم والا کا رہائشی محمد اسحاق موٹر سائیکل پر سوار ہو کر احمد پور شرقیہ سے بہاول پور جارہا تھا کہ راستے میں گاڑی

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

افغانستان کے حملے پر آپریشن غضب للحق میں متعدد طالبان ہلاک اسلحہ توپ خانے چوکیاں تباہ

افغان طالبان رجیم کی جانب سے بلا اشتعال حملے کے خلاف پاکستان کا آپریشن غضب للحق جاری ہے، پاک افواج کے حملوں میں متعدد طالبان ہلاک اور سیکڑوں زخمی ہوگئے، افغان طالبان کے فوجی ہیڈکوارٹرز، ٹینک، توپ خانے اور چوکیاں تباہ کردی گئیں

افغانستان کی جانب سے مختلف سرحدی مقامات پر بلا اشتعال فائرنگ کی گئی جس کے جواب میں سکیورٹی فورسز نے بھرپور کارروائی کا آغاز کیا اور افغان طالبان کے 80 سے زائد ٹینک، توپ خانے اور بکتر بند گاڑیاں تباہ کردیں، 27 چوکیاں مکمل تباہ کردی گئیں، 9 چوکیوں پر قبضہ کرلیا گیا

اسلام آباد، پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) افغان طالبان رجیم کی جانب سے بلا اشتعال حملے کے خلاف پاکستان کا آپریشن غضب للحق جاری ہے، پاک افواج کے حملوں میں متعدد طالبان ہلاک اور سیکڑوں زخمی ہوگئے، افغان طالبان کے فوجی ہیڈکوارٹرز، ٹینک، توپ خانے اور چوکیاں تباہ کردی گئیں۔ سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ افغانستان کی جانب سے مختلف سرحدی مقامات پر بلا اشتعال فائرنگ کی گئی جس کے جواب میں سکیورٹی فورسز نے بھرپور کارروائی کا آغاز کیا اور افغان طالبان کے 80 سے زائد ٹینک، توپ خانے اور بکتر بند گاڑیاں تباہ کردیں، 27 چوکیاں مکمل تباہ کردی گئیں، 9 چوکیوں پر قبضہ کرلیا گیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں نے ایبٹ آباد، صوابی اور نوشہرہ میں چھوٹے ڈرونز سے حملے کی کوشش کی ہے، اینٹی ڈرون سسٹم نے تمام

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور پولیس اور الرحیم لیب کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط

پولیس افسران وجوانوں کی ویلفیئر بہاولپور پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، ڈی پی او

بہاولپور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کا بہاولپور پولیس کے افسران وجوانوں خصوصا پولیس کے شہدا کی فیملیز کی ویلفیئر کیلئے احسن اقدام، بہاولپور پولیس اور الرحیم لیب کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط۔ پولیس افسران و

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اوچ شریف کی سماجی سیاسی شخصیات تاجران سمیت تمام مکاتب فکر کا آپریشن غضب للحق کی مکمل حمایت کا اعلان

پاکستان ایک امن پسند ملک ہے، افغانستان کی جانب سے سرحدی علاقوں میں بلا اشتعال فائرنگ اور دراندازی کے مسلسل واقعات نے صورتحال کو سنگین بنادیا

مخدوم سید افتخار الحسن گیلانی، مخدوم سید عامر علی شاہ اوچ شریف شیخ امین اکبر گڈو، حاجی غلام یسین سومرو، مخدوم سید سہیل حسن گیلانی، خواجہ نثار صدیقی، مخدوم سید عمر رضا گیلانی، اعجاز خان پٹھان ودیگر کا متفقہ بیان

اوچ شریف (کرائم رپورٹر) اوچ شریف کی سماجی سیاسی شخصیات تاجران سمیت تمام مکاتب فکر نے آپریشن غضب للحق کی مکمل حمایت کا اعلان کر دیا سابق ایم پی اے وسجادہ نشین اوچ شریف مخدوم سید افتخار الحسن گیلانی، ایم پی اے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سب تحصیل اوچ شریف کی سیاسی وسماجی شخصیات' تاجران سمیت تمام مکاتب فکر آپریشن غضب الحق کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے۔

وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک سے جرمنی کی سفیر انا لیپل کی ملاقات

انہوں نے جرمنی اور وزارت موسمیاتی تبدیلی کے مابین جاری تعاون سے متعلق آگاہ کیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی وماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک سے جرمنی کی سفیر انا لیپل نے ملاقات کی ہے۔ وزارت موسمیاتی تبدیلی وماحولیاتی ہم آہنگی کے اعلامیہ کے مطابق جمعہ کو یہاں ہونے والی

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نیب کراچی کی بڑی کاروائی

423.5 ارب روپے مالیت کی 350 ایکڑ قیمتی زمین واگزار کرالی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سرکاری زمین کی غیر قانونی تخصیص (الاٹمنٹ) اور انتظامی بدعنوانی کے خلاف ایک بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے،

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مخدوم مرتضی محمود اور سردار غضنفر لنگاہ کے فنڈز سے 75 لاکھ روپے کی لاگت سے اللہ آباد شہر کی مختلف گلیوں میں ٹف ٹائل لگانے کا کام شروع

یہ منصوبہ میاں سمیع اللہ خان ایڈووکیٹ کی تجویز پر منظور کیا گیا جس کا مقصد شہریوں کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنا اور علاقے کے انفراسٹرکچر کو مضبوط بنانا ہے

اللہ آباد (نامہ نگار) مخدوم سید مرتضی محمود ایم این اے اور سردار غضنفر علی خان لنگاہ ایم پی اے کے خصوصی فنڈز سے 75 لاکھ روپے کی لاگت سے اللہ آباد شہر کی مختلف گلیوں میں ٹف ٹائل لگانے کا کام باقاعدہ طور پر شروع کر دیا گیا ہے۔ یہ منصوبہ میاں محمد سمیع اللہ خان ایڈووکیٹ سابق چیئرمین یوسی اللہ آباد کی تجویز پر منظور کیا گیا جس کا مقصد شہریوں کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنا اور علاقے کے انفراسٹرکچر کو مضبوط بنانا ہے۔ میاں محمد سمیع اللہ

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاک افغان کشیدگی پر چین کا اظہار تشویش

چین اپنے چینلز کے ذریعے پاک افغان تنازع میں ثالثی کررہا ہے

بیجنگ (سی ایم لنکس) افغانستان اور پاکستان کے درمیان کشیدگی پر چین نے اظہار تشویش کیا ہے۔ بیجنگ سے جاری ہونے والے بیان میں چینی وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا ہے کہ چین اپنے چینلز کے ذریعے پاک افغان تنازع میں ثالثی کررہا ہے۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ ہمیں پاکستان وافغانستان کے درمیان جھڑپوں پر

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاک افغان کشیدگی پر سعودیہ اور ترکیہ متحرک، اہم سفارتی رابطے سامنے آگئے

افغانستان، قطر اور سعودی عرب کے وزرائے خارجہ سے الگ الگ ٹیلیفونک گفتگو کی

اسلام آباد/انقرہ (سی ایم لنکس) ترکیہ کے وزیر خارجہ حاکان فیدان نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان جاری کشیدگی پر اہم سفارتی رابطے کیے ہیں۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق ترک سفارتی ذرائع نے بتایا کہ حاکان

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سینیٹ نے افغان جارحیت کیخلاف متفقہ قرارداد منظور کرلی

قرارداد پیپلز پارٹی کی سینیٹر شیری رحمٰن نے پیش کی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سینیٹ نے افغان جارحیت کے خلاف قرارداد متفقہ طور پر منظور کرلی، قرارداد پیپلز پارٹی کی سینیٹر شیری رحمٰن نے پیش کی۔ سینیٹ میں پیش کی گئی قرارداد کے متن کے مطابق پاکستان پر افغان طالبان کی

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ملک محمد اکرم کو سب انسپکٹر سے ایس ایچ او تھانہ ڈیرہ نواب تعینات

ہونے پر جام سلمان وصی، جام محمد آصف اور جام نور حسن نے ملک اکرم سے ملاقات

نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر دلی مبارکباد دی' ملک اکرم کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید کی وہ

علاقے میں امن وامان کے قیام، جرائم کے خاتمے اور سائلین کو انصاف کی فراہمی کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے

احمد پور شرقیہ (نمائندہ خصوصی) ملک محمد اکرم کو سب انسپکٹر سے ایس ایچ او تھانہ ڈیرہ نواب تعینات ہونے پر جام سلمان وصی، جام محمد آصف اور جام نور حسن نے ملک اکرم سے ملاقات کی نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر دلی مبارکباد دی انہوں نے ملک اکرم کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید کی وہ علاقے میں امن و امان کے قیام، جرائم کے خاتمے اور سائلین کو

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

احمد پور شرقیہ ملک محمد اکرم کو ایس ایچ او تھانہ ڈیرہ نواب صاحب تعینات ہونے پر یہ جان سلمان جام محمد اصف اور جام نور حسن نے مبارکباد دی اور پھولوں کے ہار پہنا ہے

مجتبی منظور چوہدری کو بطور سب ڈویژنل انفورسمنٹ افیسر پیرا فورس بہاولپور تعینات کردیا گیا

حال ہی میں اسسٹنٹ کمشنر کے عہدے پر ترقی پانے والے مجتبی منظور چوہدری کی تقرری عمل بی لائی گئی ہے

بہاولپور +فیروزہ (نامہ نگار) مجتبی منظور چوہدری کو بطور سب ڈویژنل انفورسمنٹ افیسر پیرا فورس بہاولپور تعینات کر دیا گیا ہے حال ہی میں اسسٹنٹ کمشنر کے عہدے پر ترقی پانے والے مجتبی منظور چوہدری کی تقرری عمل بی لائی گئی ہے انہیں ڈائریکٹر جنرل پیرا فورس پنجاب لاہور دفتر سے بہاولپور تبدیل کیا گیا ہے جہاں پر وہ بطور ڈسٹرکٹ افیسر پیرا فورس لاہور پہلی تقرری کے بعد بہاولپور

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

فتنہ الخوارج کے ایبٹ آباد، صوابی اور نوشہرہ میں ڈرون حملے ناکام

فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں نے ایبٹ آباد، صوابی اور نوشہرہ میں چھوٹے ڈرونز سے حملے کی کوشش کی ہے، اینٹی ڈرون سسٹم نے تمام ڈرونز کو مار گرایا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں نے ایبٹ آباد، صوابی اور نوشہرہ میں چھوٹے ڈرونز سے حملوں کی کوشش کی جسے ناکام بنادیا گیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اداریہ روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ ------- بہاولپور

وزیراعظم لیپ ٹاپ سکیم: نوجوانوں کیلئے ڈیجیٹل خودمختاری کی جانب ایک اور قدم

28 فروری 2026ء

وزیراعظم پاکستان لیپ ٹاپ سکیم موجودہ دور میں تعلیمی ترقی اور نوجوانوں کو ڈیجیٹل طور پر بااختیار بنانے کی ایک اہم قومی کوشش ہے۔ اس سکیم کے تحت اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور کے 3400 سے زائد طلبہ وطالبات کو لیپ ٹاپ کی فراہمی نہ صرف خوش آئند ہے بلکہ اس امر کی بھی غمازی کرتی ہے کہ حکومت اعلیٰ تعلیم کے فروغ اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ نوجوان تیار کرنے کے لیے سنجیدہ ہے۔

اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور کا اس سکیم سے مستفید ہونا اس لیے بھی قابل توجہ ہے کہ یہ ملک کی دوسری بڑی جامعہ ہے، جہاں دور دراز علاقوں سے تعلق رکھنے والے ہزاروں طلبہ زیرِ تعلیم ہیں۔ جدید ٹیکنالوجی تک رسائی ان طلبہ کے لیے تعلیمی تحقیق، آن لائن وسائل کے استعمال اور عالمی تعلیمی معیار سے جڑنے کا مؤثر ذریعہ ثابت ہوگی۔

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران کا یہ کہنا بجا ہے کہ وزیراعظم لیپ ٹاپ سکیم نوجوانوں کو خودمختار بنانے کی سمت ایک سنگِ میل ہے۔ موجودہ عالمی حالات میں ڈیجیٹل مہارت کے بغیر تعلیمی و پیشہ ورانہ ترقی ممکن نہیں رہی، اور ایسی سکیمیں نوجوانوں کے لیے نئے مواقع کے دروازے کھولتی ہیں۔

یہ بھی قابلِ ستائش ہے کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن نے اس قومی منصوبے کو منظم اور منظم انداز میں آگے بڑھایا، جس پر چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر نیاز احمد اختر اور ان کی ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے۔ شفاف طریقہ کار، واضح شیڈول اور ادارہ جاتی تعاون کسی بھی قومی سکیم کی کامیابی کی ضمانت ہوتے ہیں۔ حکومتِ پاکستان، بالخصوص وزیراعظم محمد شہباز شریف، کی یہ کاوش اس بات کا ثبوت ہے کہ نوجوانوں کی تعلیم اور ٹیکنالوجی تک رسائی کو قومی ترجیحات میں شامل کیا جارہا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس طرح کے پروگراموں کو تسلسل کے ساتھ جاری رکھا جائے، تاکہ پاکستان کا نوجوان طبقہ علمی، تحقیقی اور معاشی میدان میں ملک کا نام روشن کرسکے۔

لیاقت پور: سرکاری آٹا مہنگا فروخت کرنے پر دکان سیل

گراں فروشوں کے خلاف سخت کریک ڈان

سپیشل پرائس کنٹرول مجسٹریٹ ملک کرم حسین کا عوامی شکایت پر ہیڈ 42 عباسیہ میں پیرا فورس کے آفیسر محمد وسیم خان کے ہمراہ چھاپہ

کارروائی کے دوران دکاندار سرکاری آٹا 905 روپے فی 10 کلو کے بجائے 1100 روپے فی بیگ فروخت کرتا پایا گیا

جن پور (نامہ نگار) سرکاری آٹا مہنگا فروخت کرنے پر دکان سیل، گراں فروشوں کے خلاف سخت کریک ڈان تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر رحیم یار خان ظہیر انور چیہ اور اسسٹنٹ کمشنر لیاقت پور ملک محمد ابراہیم میلا دی کھر کی ہدایات پر تحصیل لیاقت پور میں گراں فروشوں کے خلاف کارروائیاں تیز کردی گئی ہیں گزشتہ روز سپیشل پرائس

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

افغان طالبان نے حملہ کرکے بھیانک غلطی کی، وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ افغان طالبان نے حملہ کرکے بھیانک غلطی کی، افغان طالبان کی جارحیت پر پاک فوج نے منہ توڑ جواب دیا۔ ایک بیان میں محسن نقوی نے کہا کہ بزدل دشمن نے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پیرا فورس ان ایکشن' سمہ سٹہ ونواح میں کارروائی

گراں فروشی اور ناجائز تجاوزات قائم کرنے والوں سے کسی قسم کی رعائت نہیں برتی جائے گی

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت کے مطابق عوام کی زندگیوں میں آسانی لانے والے اقدام کو ہر حال میں لاگو کیا جائیگا' محمد جہانگیر

سمہ سٹہ (نامہ نگار) پیرا فورس ان ایکشن۔ سمہ سٹہ ونواح میں کارروائی۔ ہزاروں روپے جرمانہ ایک دکان سیل۔ پیرا فورس سب ڈویژنل آفیسر بہاولپور صدر محمد جہانگیر نے اس موقع پر کہا کہ گراں فروشی اور ناجائز تجاوزات قائم کرنے والوں سے کسی قسم کی رعائت نہیں برتی جائے گی اور وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت کے مطابق عوام کی زندگیوں میں آسانی لانے والے اقدام کو ہر حال میں لاگو کیا جائے گا

پاکستان نے کن کن افغان پوسٹوں پر قبضہ کیا؟ تفصیلات سامنے آگئیں

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پاکستان کی

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایک دام

نشاط فیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802 – میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی' یامین' زین جی' اپ ٹائم' رواج' کرینٹ' کراؤن 'پوری' نارکنز لیڈیز ورائٹی' بن الیاس' ایڈن روب' رنگ رسیہ 'ایمان عدیل' علیز ے' زل بری' شنائیل' میرین کلاسک' بن وحید 'بن سعید' پیری ڈوٹ' موٹفز' شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد.....ہمارا معیار

نشاط آؤٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلوکلب
مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی
زارا | نائیک | پولو
فورکڈز | بیس | بینگو
کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے
پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل: محمد اسماعیل فاروقی
ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی
بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد
نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.CS. | FA{iT]

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل و ڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز
نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787

بہاول پور: کمشنر مسرت جبیں کو بہاول نگر میں زیر تعمیر میڈیکل کالج کے دورہ کے موقع پر ڈپٹی کمشنر ذوالفقار احمد بھون بریفنگ دے رہے ہیں۔

بہاولپور: ڈی پی او رانا عبدالوہاب مساجد و امام بارگاہوں کا تفصیلی سکیورٹی جائزہ لے رہے ہیں

نیب نیوز 01

ایکشن لیا۔انہوں نے کہا کہ آج کی بریفنگ کا مقصد تفصیلی آگاہی ہے، 21اور 22 فروری کی شب دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا، افغان طالبان رجیم دہشت گردوں کی پشت پناہ ہے۔ترجمان پاک فوج کا کہنا تھا کہ آپریشن میں 274خوارج ہلاک 400زخمی ہو چکے ہیں، 73پوسٹیں تباہ اور 18پر قبضہ کرلیا گیا، 115ٹینک اور بکتر بند گاڑیاں بھی تباہ کیں، دہشتگردوں کو چن چن کر مارا گیا، دشمن کے خلاف لڑتے ہوئے پاک فوج کے 12جوان شہید ہوئے۔لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا فتنہ الہندوستان، فتنہ الخوارج کے 22 ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا، دہشتگرد اپنے ساتھیوں کی لاشیں چھوڑ کر بھاگ گئے۔انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان نے ایک بار پھر ثابت کیا کہ دفاع وطن کے لیے ہر دم تیار ہیں، پاک فوج کے 27جوان زخمی اور ایک لاپتہ ہے، دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کو ویسا ہی جواب دیا جس کے وہ مستحق تھے، افغان طالبان سوشل میڈیا کے ذریعے دھمکیاں دے رہے ہیں۔ترجمان پاک فوج کا کہنا تھا کہ پاکستان کے کسی جگہ پر دہشت گردی کا کوئی واقعہ ہوتا ہے تو دہشت گردوں اور ان کے تحفظ کرنے والوں کی کوئی جگہ محفوظ نہیں ہوگی، افغان طالبان رجیم دہشت گردوں یا پھر پاکستان کو منتخب کریں، ہماری چوائس کلیئر ہیں۔لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا کہ پاکستان کے عوام مسلح افواج سے اپنی محبت کا اظہار کررہے ہیں، سی، ایبٹ آباد اور نوشہرہ میں ڈرون حملوں کو ناکام بنا دیا گیا، پاکستان کے مفادات کا تحفظ ہر قیمت پر کیا جائے گا۔ان کا کہنا تھا کہ پاکستان میں کہیں دہشت گردی ہوئی تو دہشت گردوں کیلئے جائے پناہ نہیں بچے گی، دہشت گردوں کا تحفظ کرنے والوں کیلئے بھی کوئی جگہ محفوظ نہیں ہوگی، معرکہ حق کی طرح آپریشن غضب للحق میں بھی قوم سیسہ پلائی دیوار بنی ہے۔ترجمان پاک فوج نے کہا کہ پاکستان میں دہشت گردی کے ہر واقعہ میں بھارت ملوث ہے، دوران پریس کانفرنس دشمن کے ٹھکانوں کو نشانہ بنانیکی ویڈیوز دکھائی گئیں، افواج پاکستان نے پیشہ ورانہ انداز میں صرف عسکری اہداف کونشانہ بنایا۔لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کا کہنا تھا کہ دشمن کی جانب سے خواتین اور بچوں کو نشانہ بنانے کا جھوٹا پروپیگنڈا کیا گیا، پاکستان میں دہشتگردی کرنے اور کرانے والے کہیں بھی محفوظ نہیں رہیں گے، افواج پاکستان نے پیشہ ورانہ انداز میں صرف عسکری اہداف کونشانہ بنایا۔انہوں نے کہا کہ ہمارا مئر جواب مسلح افواج کے مکمل چوکس ہونے کا مظہر ہے، قوم کو اپنے نڈر اور جانباز جوانوں پر فخر ہے، تمام سیاسی جماعتیں بھی دہشت گردی سے متعلق کلیئر ہیں، نیشنل ایکشن پلان کو تمام سیاسی جماعتوں نے مل کر بنایا تھا، دہشت گردی کے خلاف جنگ سے متعلق پاکستان میں رتی بھر اختلاف نہیں۔ترجمان پاک فوج کا مزید کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا پولیس کیجوان بہادری سے فرنٹ پر لڑ رہے ہیں، قوم خیبر پختونخوا کے پولیس اہلکاروں کوسلیوٹ کرتی ہے۔

نیب نیوز 02

کوارٹر ہسپتال کا موقع پر تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے بازار میں صفائی، انتظامات اور قیمتوں کی نگرانی کا جائزہ لیا۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ذوالفقار احمد بھون نے بریفنگ دیتے ہوئے بازار اور ہسپتال میں جاری ترقیاتی منصوبوں، صفائی ستھرائی، اور سہولیات کی تفصیلات فراہم کیں۔کمشنر نے اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بہاولنگر، متعلقہ محکموں کے افسران، اور مجسٹریٹس کے اقدامات کی تعریف کی اور ہدایت کی کہ رمضان المبارک کے دوران عوام کو معیاری سہولیات اور مناسب ریٹ پر اشیاء فراہم کی جائیں۔ بازار میں سبزی، فروٹ، گوشت اور دیگر اشیاء کی قیمتوں اور معیار کا جائزہ لیا گیا جبکہ ہسپتال میں صفائی، دوائیوں کی دستیابی اور مریضوں کے لیے سہولتوں کی نگرانی کی گئی۔کمشنر نے زور دیا کہ شہریوں کے لیے سہولت اور شفافیت یقینی بنائی جائے اور رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں عوام کو کسی بھی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ ہو۔

نیب نیوز 03

والی فائر وال کی بندش کا معاملہ زیر بحث آیا۔اجلاس کے دوران کمیٹی رکن صادق میمن نے سوال اٹھایا کہ کیا فائیو جی اسپیکٹرم کی نیلامی سے قبل فائر وال کی بندش کردی گئی ہے۔اس پر سیکریٹری آئی ٹی اینڈ ٹیلی کام ضرار ہاشم نے فائر وال ہٹانے کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کا ویب منیجمنٹ سسٹم مکمل طور پر فعال ہے۔سیکریٹری آئی ٹی اینڈ ٹیلی کام نے واضح کیا کہ فائر وال یا ویب منیجمنٹ سسٹم کسی قسم کے ڈیلے کا شکار نہیں بنتا۔اس موقع پر چیئرمین پی ٹی اے نے کہا کہ فائر وال نہیں بلکہ پی ٹی اے کا ویب منیجمنٹ سسٹم ہے جو 2006 سے چل رہا ہے اور اب تک چار بار اپ ڈیٹ ہو چکا ہے، جبکہ اس کی آخری اپ گریڈیشن 2023 میں کی گئی۔چیئرمین پی ٹی اے کے مطابق اس سسٹم کے نفاذ سے گرے ٹریفک میں واضح کمی آئی ہے اور اسی نظام کے تحت سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو بند کیا جاسکتا ہے۔انہوں نے بتایا کہ حکومتی احکامات پر ایکس کو بھی ویب منیجمنٹ سسٹم کے تحت بند کیا گیا تھا، جبکہ حکومت اور عدالتی احکامات پر اب تک سات مرتبہ مختلف پلیٹ فارمز بند کیے جا چکے ہیں۔چیئرمین پی ٹی اے نے مزید کہا کہ ویب منیجمنٹ سسٹم ٹیکنالوجی کو سست نہیں کرتا اور نہ ہی یہ کسی قسم کے ڈیلے کا باعث بنتا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ ڈیجیٹل سرحدوں کا تحفظ بھی ضروری ہے اور پاک بھارت جنگ کے دوران بھارت کی جانب سے ہونے والے سائبر حملے اسی نظام کے ذریعے روکے گئے۔

نیب نیوز 04

قیادت کی جانب سے پاکستان اور افغانستان کی موجودہ سرحدی صورتحال پر مفصل بریفنگ دی گئی۔وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ فتنہ الخوارج اور افغان طالبان رجیم کے گٹھ جوڑ اور شر پسند کارروائیوں کیلئے زیرو ٹالرنس اپنائی جائے۔شہباز شریف نے کہا کہ افغان طالبان رجیم اور فتنہ الخوارج کی پاکستان کے خلاف کارروائیاں ناقابل قبول ہیں۔انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر چیف آف آرمی سٹاف اور چیف آف ڈیفنس فورسز کی قیادت میں افواج پاکستان ملک کی حفاظت کیلئے ہر دم تیار ہیں۔وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کسی بھی جارحیت کے خلاف اپنا دفاع کرنا بخوبی جانتا ہے۔شہباز شریف نے افغان طالبان رجیم کے سرحدی علاقوں میں حملوں کو پسپا کرنے پر اور بھرپور جوابی کارروائی کرنے پر افواج پاکستان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی۔انہوں نے کہا کہ پوری قوم ارض وطن کی حفاظت کیلئے اپنی افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، افواج پاکستان نے افغان طالبان رجیم کے سرحدی علاقوں پر حملوں کو پسپا کیا۔وزیراعظم نے کہا کہ وطن کے بہادر سپوتوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں قابل تعریف ہیں، پوری قوم ارض وطن کی حفاظت کیلئے اپنی بہادر فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

نیب نیوز 05

ہوئے میڈیکل کالج میں تعمیراتی پیش رفت، سہولیات اور مستقبل کے منصوبوں سے آگاہ کیا۔کمشنر نے کام کے معیار، وقت پر تکمیل اور تعمیراتی ٹیم کی کارکردگی کا معائنہ کیا اور ہدایت کی کہ منصوبے کو مقررہ وقت میں مکمل کیا جائے تاکہ علاقے کے طلبہ و طالبات کے لیے اعلیٰ معیار کی طبی تعلیم فراہم کی جاسکے۔

نیب نیوز 06

کو اوورٹیک کرتے ہوئے حادثہ کا شکار ہوگیا۔ جس سے اس کے سر پر شدید چوٹیں آئیں۔ اسے ہسپتال لے جایا گیا جہاں وہ ایک دن موت و زندگی کی کشمکش میں رہنے کے بعد زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گیا۔

نیب نیوز 07

کا لیا جائے گا جبکہ میٹرک کا آخری پیپر 16 اپریل کو پنجابی اور تاریخ اسلام کا ہوگا۔نہم جماعت کے امتحانات 17اپریل سے شروع ہوں گے، پہلا پرچہ اکنامکس، جغرافیہ، وڈ ورک اور بجلی کی وائرنگ کا لیا جائے گا جبکہ آخری پیپر 8 مئی کو اسلامیات لازمی کا ہوگا۔میٹرک کے عملی امتحانات 12 مئی سے 22 مئی تک منعقد کیے جائیں گے۔تعلیمی بورڈز نے طلبہ کو ہدایت کی ہے کہ وہ امتحانی شیڈول کے مطابق اپنی تیاری مکمل کریں اور مقررہ تاریخوں پر بروقت امتحانی مراکز میں پہنچیں۔

نیب نیوز 08

کر مقابلہ کریں گے، منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔پاک افغان حالیہ کشیدگی کے حوالے سے جاری بیان میں صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ آج پاکستان کی باوقار قوم اور ہماری دلیر مسلح افواج وطن کی سلیت اور سرحدوں کے تحفظ کیلئے سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہیں۔انہوں نے کہا کہ کسی کو یہ غلط فہمی نہیں ہونی چاہیے کہ پاکستان دبایا دھمکی سے مرعوب ہوگا، ہماری مسلح افواج کی جوابی صلاحیت ہمہ گیر، بروقت اور فیصلہ کن ہے، اور وہ دشمن کے ناپاک عزائم کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کی بھرپور استعداد رکھتی ہیں۔صدر مملکت نے کہا کہ ہم تصادم نہیں چاہتے، لیکن اگر کسی نے پاکستان کے امن کو کمزوری سمجھا تو اسے سخت جواب ملے گا، پچھلے 5سال سے احسان فراموش طالبان رجیم اپنے محسن پاکستان کے خلاف اپنے ٹی ٹی پی دہشتگردوں کے ذریعے دہشتگردی کی کارروائیوں میں مصروف ہے۔ان کا کہنا تھا کہ ہماری تمام سفارتی کارروائیاں، برادر ممالک اس مجرم ٹولے کو راہ راست پر لانے میں ناکام ہوئے، آج اس مجرم اور بزدل ٹولے نے بین الاقوامی سرحد عبور کر کے پاکستان کی سلیت کو للکارا ہے، پاکستان نے ذمہ دار ریاست کے طور پر سفارتی ذرائع اختیار کیے اور برادر ممالک کی معاونت سے اس مجرم گروہ کو راہ اعتدال پر لانے کی سنجیدہ کوشش کی، مگر کوئی مثبت پیش رفت نہ ہوسکی۔آصف علی زرداری نے کہا کہ میں نے 8فروری کو اسلام آباد کی مسجد میں ہونے والے خودکش حملے کے بعد طالبان رجیم کو واضح اور سخت الفاظ میں متنبہ کیا تھا، اور 5روز قبل 22فروری کو بھی اسی ٹولے کو دوبارہ دوٹوک پیغام دیا تھا۔صدر مملکت نے مزید کہا کہ پاکستان کو بخوبی علم ہے کہ تشدد کے منصوبہ ساز، سہولت کار اور سرپرست کہاں بیٹھے ہیں، اگر خونریزی کا سلسلہ جاری رہا تو ذمہ دار عناصر کی رسائی سے باہر کوئی نہیں ہوگا۔وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان کی عوام اور مسلح افواج ملک کی سلامتی، خودمختاری اور علاقائی سلیت کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں۔وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ افواج پاکستان کا عزم ہے کہ کسی بھی صورت ملک کے امن اور تحفظ پر آنچ نہیں آنے دیں گے، ہماری افواج کسی بھی جارحانہ عزائم کو خاک میں ملانے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے۔محمد شہباز شریف نے کہا کہ آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں افواج پاکستان قومی جذبے کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے رہی ہیں، افواجِ پاکستان پیشہ ورانہ صلاحیتوں، اعلیٰ تربیت اور مئر دفاعی حکمتِ عملی سے لیس ہیں اور کسی بھی اندرونی یا بیرونی چیلنج سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں۔وزیراعظم نے کہا کہ وطنِ عزیز کے دفاع پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا، پاکستان نے ہمیشہ امن کو فروغ دیا تاہم ملکی سلیت پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے اور افواجِ پاکستان ہر جارحیت کا ڈٹ کر مقابلے کرے گی۔محمد شہباز شریف کا مزید کہنا تھا کہ پوری قوم افواجِ پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

نیب نیوز 09

ڈرونز کو مار گرایا ہے۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ ان واقعات میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، ان واقعات نے ایک بار پھر سے افغان طالبان رجیم اور پاکستان میں دہشت گردی کے درمیان براہ راست روابط کو بے نقاب کر دیا ہے۔قبل ازیں افواج پاکستان کی بھرپور جوابی کارروائی سے افغان طالبان شدید بوکھلاہٹ کا شکار ہوگئے، گاڑی چھوڑ کر بھاگ گئے، جوانوں نے قبضہ میں لے لی، خوارج اپنے مورچے اور ٹھکانے بھی چھوڑ کر بھاگ نکلے۔سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاکستان نے جنوبی وزیرستان کے مقابل افغانستان کے پکتیا کے علاقے میں پانچ افغان پوسٹوں پر قبضہ کر کے پاکستان کا جھنڈا لگا دیا، قبضے میں آنے والی پوسٹوں میں دوشوال کے مقابل، دو انگور اڈہ کے مقابل اور ایک زرملان کے مقابل میں ہیں۔پاک فوج نے مئر کارروائی کے دوران انگور اڈہ کا افغانی ٹرمینل بھی تباہ کر دیا۔پاک فضائیہ نے بلااشتعال افغان جارحیت کے جواب میں افغانستان پر مئر فضائی حملے شروع کر دیے، ننگرہار کے اندر بڑا ایمونیشن ڈپو تباہ کر دیا گیا ہے، پاک فضائیہ نے کابل ، قندھار اور پکتیا میں اہم ملٹری تنصیبات کو بھی مئر فضائی حملے میں تباہ کر دیا۔سکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ پاک فضائیہ کے فضائی حملوں کے دوران کابل میں 2 بریگیڈ ہیڈ کوارٹر جبکہ قندھار میں فضائی حملے کے دوران ایک کور ہیڈ کوارٹر اور ایک بریگیڈ ہیڈ کوارٹر تباہ کر دیا گیا۔سکیورٹی ذرائع کے مطابق قندھار میں ایمونیشن ڈپو اور لاجسٹک ہیں ، پکتیا میں بھی کور ہیڈ کوارٹر کو تباہ کر دیا گیا۔قبل ازیں سکیورٹی ذرائع کے مطابق شاہینوں کی قندھار میں پیٹرولنگ کے دوران کسی قسم کی قابل تشویش مزاحمت دیکھنے میں نہیں آئی، یوں محسوس ہو رہا ہے کہ دشمن اپنے بلوں میں دبک کر بیٹھ گیا ہے۔طالبان حکومت کے ترجمان نے کابل، پکتیا اور قندھار پر بمباری کی تصدیق کی، رات تقریباً ایک بج کر 50منٹ پر کابل میں طالبان کے ایک فوجی مرکز کو فضائی حملے میں نشانہ بنایا گیا۔افغان میڈیا نے بتایا کہ صوبے پکتیا میں طالبان منصوری کور پر دو مرتبہ بمباری کی گئی، رات 12بجکے بعد قندھار میں پاکستانی طیارہ پرواز کرتا ہوا دیکھا گیا۔سکیورٹی ذرائع کے مطابق افغان طالبان نے پاک افغان سرحد کے مختلف مقامات پر فائرنگ کی، پاکستان کی سکیورٹی فورسز نے جواب میں ناوگئی سیکٹر باجوڑ، تیراہ خیبر میں بھرپور جواب دیا، چترال سیکٹر پر افغان طالبان کی چیک پوسٹ کو تباہ کردیا گیا۔پاک افغان سرحد پر مہمند میں گرسال سیکٹر میں پاک فوج کی جانب سے بھرپور جوابی کارروائی کی گئی، جہاں سکیورٹی فورسز نے چیک پوسٹیں تباہ کردیں، 3 طالبان ہلاک کردیے، پاک افغان سرحد پر ولی خان سیکٹر میں پاک فوج نے افغان پوسٹ کو مسمار کردیا۔سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز نے باجوڑ میں افغان طالبان کی 2چوکیاں تباہ کیں، افغان صوبے پکتیکا کی پوسٹ پر قبضہ کرلیا، پاک فوج کی کارروائی پر افغان طالبان پوسٹ چھوڑ کر بھاگنے پر مجبور ہوگئے، پاک فوج نے پکتیکا میں افغان طالبان کی اہم فوجی تنصیبات اور کور ہیڈ کوارٹرز کو بھی تباہ کردیا۔سکیورٹی فورسز نیکرم سیکٹر کے قریب بھی افغان طالبان کے کئی ٹھکانے تباہ کردیے جہاں 8طالبان جنگجو ہلاک ہوگئے۔انگوراڈہ میں بھی ایک افغان پوسٹ کو تباہ کردیا گیا۔سکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ افغان طالبان نیکواڈ کاپٹر کے ذریعے پاکستانی سکیورٹی فورسز کی چیک پوسٹوں پر حملے کی ناکام کوشش کی، سکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی سے تمام کواڈ کاپٹرز گرا دیے گئے، ڈرونز کے ذریعے بھی چن چن کر طالبان رجیم کی پوسٹوں کونشانہ بنایا گیا۔سکیورٹی ذرائع کے مطابق افغان طالبان کے میڈیا اور سوشل میڈیا پر جھوٹے دعوے اور فیک ویڈیوز کی بھرمار ہے، پاکستان کی سکیورٹی فورسز سرحد کی حفاظت کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں، پاکستان کی سکیورٹی فورسز کسی بھی قسم کی جارحیت کیخلاف سخت اور فوری جواب دینے کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں۔پاک فوج کے ہاتھوں ہزیمت اٹھانے کے بعد افغان طالبان نے سول آبادی پر حملے شروع کر دیئے جس میں خواتین سمیت 5افراد زخمی ہوگئے۔سکیورٹی ذرائع کے مطابق افغان طالبان کی جانب سے فائر کئے گئے گولے باجوڑ کے علاقے لغڑئی اور گردونواح میں گرے۔سکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ باجوڑ میں مارٹر گولے گرنے سے 5افراد زخمی ہوگئے جس میں 3خواتین بھی شامل ہیں۔زخمی افراد کو خار اسپتال منتقل کردیا گیا ہے، جہاں ان کا علاج جاری ہے۔سکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ افغان طالبان کی بلا اشتعال جارحیت میں مسجد کو بھی نشانہ بنایا گیا، افغان طالبان کی شیلنگ سے مسجد کی چھت اور دیگر حصے متاثر ہوئے۔ذرائع کا مزید بتانا ہے کہ پاکستان کی فیصلہ کن کارروائی کی بعد افغان طالبان نے متعدد بار پوسٹوں پر سفید جھنڈا بھی لہرایا، طالبان کئی مورچے چھوڑ کر بھاگ گئے، طالبان کے اگلے مورچے مٹی کے ڈھیر بن گئے۔وزیرِ اعظم پاکستان کے ترجمان برائے غیر ملکی میڈیا مشرف زیدی نے پاک افغان سرحد پر جاری صورتحال سے متعلق تازہ ترین معلومات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ افغان طالبان کی بلا اشتعال جارحیت کے جواب میں پاکستان کی فوری اور مئر جوابی کارروائیاں تاحال جاری ہیں۔اپنے سوشل میڈیا بیان میں مشرف زیدی نے بتایا کہ جمعہ 27 فروری کو صبح 3بج کر 45منٹ تک کی صورتحال کے مطابق افغانستان میں مختلف عسکری اہداف کونشانہ بنایا گیا ہے، مجموعی طور پر 133افغان طالبان کے ہلاک اور 200 سے زائد کے زخمی ہونے کی تصدیق ہوئی ہے، جبکہ کابل، پکتیا اور قندھار میں فوجی اہداف پر حملوں کے نتیجے میں مزید جانی نقصان کا تخمینہ بھی لگایا جا رہا ہے۔ترجمان کے مطابق اب تک 27افغان طالبان پوسٹس تباہ اور 9پر قبضہ کیا جاچکا ہے۔کارروائیوں کے دوران دو کور ہیڈ کوارٹرز، تین بریگیڈ ہیڈ کوارٹرز، دو ایمونیشن ڈپو، ایک لاجسٹک ہیں، تین بٹالین ہیڈ کوارٹرز اور دو سیکٹر ہیڈ کوارٹرز کو بھی تباہ کیا گیا ہے، جبکہ 80 سے زائد ٹینکس، آرٹلری گنز اور آرمڈ پرسنل کیریئرز کو نشانہ بنایا گیا۔مشرف زیدی نے واضح کیا کہ پاکستانی فورسز کی کسی پوسٹ پر قبضہ نہیں ہوا، نہ ہی کسی اہلکار کے قید یا شہادت کی اطلاع ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے نقصان یا افغان فضائی حملوں سے متعلق گردش کرنے والے دعوے بے بنیاد ہیں اور بھارت کے ایجنٹس کی جانب سے پھیلایا گیا فیک پروپیگنڈا ہیں۔صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ آج پاکستان کی باوقار قوم اور ہماری دلیر مسلح افواج وطن کی سلیت اور سرحدوں کے تحفظ کیلئے سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہیں، پاکستان دبا یا دھمکی سے مرعوب ہوگا، ہماری مسلح افواج کی جوابی صلاحیت ہمہ گیر، بروقت اور فیصلہ کن ہے، اور وہ دشمن کے ناپاک عزائم کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کی بھرپور استعداد رکھتی ہیں۔صدر مملکت نے کہا کہ ہم تصادم نہیں چاہتے، لیکن اگر کسی نے پاکستان کے امن کو کمزوری سمجھا تو اسے سخت جواب ملے گا، پچھلے 5سال سے احسان فراموش طالبان رجیم اپنے محسن پاکستان کے خلاف اپنے ٹی ٹی پی دہشتگردوں کے ذریعے دہشتگردی کی کارروائیوں میں مصروف ہے۔وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان کی عوام اور مسلح افواج ملک کی سلامتی، خودمختاری اور علاقائی سلیت کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں۔وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ افواج پاکستان کا عزم ہے کہ کسی بھی صورت ملک کے امن اور تحفظ پر آنچ نہیں آنے دیں گے، ہماری افواج کسی بھی جارحانہ عزائم کو خاک میں ملانے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے۔محمد شہباز شریف نے کہا کہ آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں افواج پاکستان قومی جذبے کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے رہی ہیں، افواجِ پاکستان پیشہ ورانہ صلاحیتوں، اعلیٰ تربیت اور مئر دفاعی حکمتِ عملی سے لیس ہیں اور کسی بھی اندرونی یا بیرونی چیلنج سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں۔وزیراعظم نے کہا کہ وطنِ عزیز کے دفاع پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا، پاکستان نے ہمیشہ امن کو فروغ دیا تاہم ملکی سلیت پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے اور افواجِ پاکستان ہر جارحیت کا ڈٹ کر مقابلے کرے گی۔محمد شہباز شریف کا مزید کہنا تھا کہ پوری قوم افواجِ پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

نیب نیوز 10

جوانوں کی ویلفیئر بہاولپور پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، ڈی پی او رانا عبدالوہاب' تفصیلات کے مطابق بہاولپور پولیس کے افسران و جوانوں کے بچوں خصوصاً پولیس کے شہدا کی فیملیز کو بارعائت اور معیاری علاج معالجہ کے حصول کے لیے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب اور عبدالرحیم CEO الرحیم لیب بہاولپور کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے۔مفاہمتی یادداشت کی تقریب ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور میں منعقد ہوئی ۔مفاہمتی یادداشت کے مطابق الرحیم لیب میں پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ افسران و جوانوں اور ان کی فیملیز کو خصوصی رعائت پر علاج معالجہ کے حصول کے لیے سہولیات مہیا کی جائیں گی۔معاہدے کی رو سے پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ آفیسران و جوان اپنا سروس کارڈ دیکھا کر یا ڈی پی او آفس سے سرٹیفکیٹ حاصل کر کے سہولیات حاصل کرنے کے مجاز ہونگے۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور نے کہا کہ پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ آفیسران و جوانوں کے بچوں کی معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ دیگر سہولیات کے لئے بھی عملی اقدامات کئے جارہے ہیں اور مختلف اداروں کے ساتھ مزید ایم او یوز دستخط کیے جائیں گے۔CEO الرحیم لیب نے پولیس کو دی جانی والی سہولیات کے حوالے سے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔

نیب نیوز 11

لاقات کے دوران جرمن سفیر نے موسمیاتی اقدامات کے فروغ اور صوبوں کے ساتھ موثر ہم آہنگی پر وزارت موسمیاتی تبدیلی کی کاوشوں کو سراہا۔انہوں نے جرمنی اور وزارت موسمیاتی تبدیلی کے مابین جاری تعاون سے متعلق آگاہ کیا، اور بالخصوص جرمن ترقیاتی ادارے جی آئی زیڈ (GIZ) کے ذریعے جاری مختلف منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ بھی دی۔ان شعبوں میں موسمیاتی موافقت اور لچک، اخراج میں کمی کی حکمتِ عملی، استعداد کار میں اضافہ، گرین اقدامات اور پائلٹ منصوبوں کی تیاری شامل ہیں، جن کا مقصد پاکستان کے موسمیاتی ردعمل کے نظام کو مضبوط بنانا ہے۔جرمنی کی سفیر نے وفاقی وزیر کو وزارت موسمیاتی تبدیلی کے ساتھ زیرِ غور ایک مجوزہ منصوبے CISTA کے بارے میں بھی آگاہ کیا۔ یہ منصوبہ جرمنی کی وفاقی وزارت ماحولیات کی جانب سے کمیشن کیا گیا ہے، جس کا مقصد مربوط موسمیاتی خدمات کے قیام اور ڈیٹا مینجمنٹ کے نظام کو مستحکم بنانا ہے تاکہ شواہد پر مبنی پالیسی سازی کو فروغ دیا جا سکے۔ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک نے پاکستان کے موسمیاتی ایجنڈے میں جرمنی کے مسلسل تعاون اور شراکت داری کو سراہا۔انہوں نے CISTA منصوبے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اس کی موثر تکمیل کے لیے ڈیٹا کے انضمام اور معلومات کے تبادلے پر مبنی مشترکہ ورکشاپ کے انعقاد کی تجویز پیش کی۔ملاقات میں دوطرفہ تعاون کے دائرہ کار کو مزید وسعت دینے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، جس میں مشترکہ تحقیقی پروگرامز کا آغاز، طلبہ و اساتذہ کے تبادلہ اور ڈیٹا شیئرنگ وادارہ جاتی اشتراک کو مضبوط بنانے کے اقدامات شامل ہیں۔

نیب نیوز 12

قومی احتساب بیورو (نیب) نے کراچی میں 350 ایکڑ قیمتی سرکاری زمین بخوبی واگزار کرا لی ہے۔کلفٹن بلاک 1 اور بلاک 2 جیسے اہم علاقوں میں واقع اس زمین کی مروجہ قیمت تقریباً 423.5ارب روپے ہے، جو کہ حالیہ تاریخ میں بازیاب کروائی گئی سرکاری زمینوں کی کارروائیوں میں سے ایک ہے۔یہ کامیابی نیب کی جانب سے محکمہ استعمال اراضی (لینڈ یوٹیلائزیشن) حکومتِ سندھ، کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن (KMC) اور کراچی ڈویلپمنٹ اتھارٹی (KDA) کے اعلیٰ عہدیداران کے خلاف شروع کی گئی تحقیقات کے نتیجے میں حاصل ہوئی۔تفتیش کے دوران سمندر سے حاصل کی گئی 350 ایکڑ زمین کی غیر قانونی الاٹمنٹ پر توجہ دی گئی۔انکشاف ہوا کہ افسران نے اس زمین کی الاٹمنٹ میں قانونی ضوابط کی خلاف ورزی کرتے ہوئے معمولی رقم کے عوض یہ زمین نجی اداروں کو الاٹ کردی تھی، جس سے قومی خزانے کو بھاری نقصان پہنچا۔کیس کی باقاعدہ کارروائی کے دوران، نیب کراچی تمام غیر قانونی الاٹمنٹ منسوخ کرانے میں کامیاب رہا۔سمندر سے حاصل کردہ یہ زمین اب باقاعدہ طور پر حکومتِ سندھ کے حوالے کر دی گئی ہے، جس کی تصدیق محکمہ لینڈ یوٹیلائزیشن نے بھی کر دی ہے۔یہ کامیاب آپریشن نیب کراچی اور بورڈ آف ریونیو (محکمہ محصولات) سندھ کی مشترکہ کوششوں کا نتیجہ ہے۔ زمین کی فروخت یا اس پر مزید قانونی پیچیدگیاں پیدا ہونے سے پہلے کارروائی کر کے نیب نے ایک بڑے فراڈ کو ناممکن بنا کر روک دیا اور قومی خزانے کو تاریخ